روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 9/اپریل 2010ء 23 ربیع الثانی 1431 ہجری 9 شہادت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 77

دجال کا علاج

حضرت نواس بن سمعانؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا:۔
جو شخص تم میں سے دجال کو پائے تو وہ اس پر سورۃ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے۔
(صحیح مسلم کتاب الفتن باب ذکر الدجال حدیث نمبر 5228)

حضرت ابوامامہ الباہلی بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: جو دجال کی آگ سے آزمایا جائے تو وہ خدا سے فریاد کرے اور سورۃ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے تو وہ آگ اس پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جائے گی جیسے حضرت ابراہیمؑ پر ہوئی تھی۔ (سنن ابن ماجہ کتاب الفتن باب فتنۃ الدجال حدیث نمبر 4067)

حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس نے سورۃ کہف کی آخری دس آیات پڑھیں وہ فتنہ دجال سے بچایا جائے گا۔ ﴿مسند احمد حدیث نمبر 26244﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

(۵) پانچواں نشان جو ان دنوں میں ظاہر ہوا وہ ایک دعا کا قبول ہونا ہے جو درحقیقت احیائے موتی میں داخل ہے۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ عبدالکریم نام ولد عبدالرحمٰن ساکن حیدرآباد دکھن ہمارے مدرسہ میں ایک لڑکا طالب العلم ہے قضاء قدر سے اس کو سگِ دیوانہ کاٹ گیا۔ ہم نے اُس کو معالجہ کے لئے کسولی بھیج دیا۔ چند روز تک اس کا کسولی میں علاج ہوتا رہا پھر وہ قادیان میں واپس آیا۔ تھوڑے دن گذرنے کے بعد اُس میں وہ آثار دیوانگی کے ظاہر ہوئے جو دیوانہ کتے کے کاٹنے کے بعد ظاہر ہوا کرتے ہیں اور پانی سے ڈرنے لگا اور خوفناک حالت پیدا ہوگئی۔ تب اس غریب الوطن عاجز کے لئے میرا دل سخت بیقرار ہوا اور دعا کے لئے ایک خاص توجہ پیدا ہوگئی۔ ہر ایک شخص سمجھتا تھا کہ وہ غریب چند گھنٹہ کے بعد مر جائے گا۔ ناچار اس کو بورڈنگ سے باہر نکال کر ایک الگ مکان میں دوسروں سے علیحدہ ہر ایک احتیاط سے رکھا گیا اور کسولی کے انگریز ڈاکٹروں کی طرف تار بھیج دی اور پوچھا گیا کہ اس حالت میں اُس کا کوئی علاج بھی ہے۔ اُس طرف سے بذریعہ تار جواب آیا کہ اب اس کا کوئی علاج نہیں مگر اس غریب اور بے وطن لڑکے کے لئے میرے دل میں بہت توجہ پیدا ہوگئی اور میرے دوستوں نے بھی اس کے لئے دعا کرنے کے لئے بہت ہی اصرار کیا کیونکہ اس غربت کی حالت میں وہ لڑکا قابل رحم تھا اور نیز دل میں یہ خوف پیدا ہوا کہ اگر وہ مر گیا تو ایک بُرے رنگ میں اُس کی موت شماتتِ اعداء کا موجب ہوگی۔ تب میرا دل اُس کے لئے سخت درد اور بیقراری میں مبتلا ہوا اور خارق عادت توجہ پیدا ہوئی جو اپنے اختیار سے پیدا نہیں ہوتی بلکہ محض خدا تعالیٰ کی طرف سے پیدا ہوتی ہے اور اگر پیدا ہو جائے تو خدا تعالیٰ کے اذن سے وہ اثر دکھاتی ہے کہ قریب ہے کہ اُس سے مُردہ زندہ ہو جائے۔ غرض اس کے لئے اقبال علی اللہ کی حالت میسر آگئی اور جب وہ توجہ انتہا تک پہنچ گئی اور درد نے اپنا پورا تسلّط میرے دل پر کر لیا تب اس بیمار پر جو درحقیقت مُردہ تھا اس توجہ کے آثار ظاہر ہونے شروع ہوگئے اور یا تو وہ پانی سے ڈرتا اور روشنی سے بھاگتا تھا اور یا یکدفعہ طبیعت نے صحت کی طرف رُخ کیا اور اس نے کہا کہ اب مجھے پانی سے ڈر نہیں آتا۔ تب اس کو پانی دیا گیا تو اُس نے بغیر کسی خوف کے پی لیا بلکہ پانی سے وضو کر کے نماز بھی پڑھ لی اور تمام رات سوتا رہا اور خوفناک اور وحشیانہ حالت جاتی رہی یہاں تک کہ چند روز تک بکلی صحتیاب ہوگیا۔ میرے دل میں فی الفور ڈالا گیا کہ یہ دیوانگی کی حالت جو اس میں پیدا ہوگئی تھی یہ اس لئے نہیں تھی کہ وہ دیوانگی اس کو ہلاک کرے بلکہ اس لئے تھی کہ تا خدا کا نشان ظاہر ہو۔ اور تجربہ کار لوگ کہتے ہیں کہ کبھی دُنیا میں ایسا دیکھنے میں نہیں آیا کہ ایسی حالت میں کہ جب کسی کو دیوانہ کتے نے کاٹا ہو اور دیوانگی کے آثار ظاہر ہوگئے ہوں، پھر کوئی شخص اس حالت سے جانبر ہو سکے اور اس سے زیادہ اس بات کا اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ جو ماہر اس فن کے کسولی میں گورنمنٹ کی طرف سے سگ گزیدہ کے علاج کے لئے ڈاکٹر مقرر ہیں اُنہوں نے ہمارے تار کے جواب میں صاف لکھ دیا ہے کہ اب کوئی علاج نہیں ہو سکتا۔

اس جگہ اس قدر لکھنا رہ گیا کہ جب میں نے اس لڑکے کے لئے دعا کی تو خدا نے میرے دل میں القا کیا کہ فلاں دوا دینی چاہئے چنانچہ میں نے چند دفعہ وہ دوا بیمار کو دی آخر بیمار اچھا ہوگیا یا یوں کہو کہ مُردہ زندہ ہوگیا۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 480)

میٹرک کے امتحان سے فارغ ہونے والے طلباء وطالبات کیلئے

انگریزی بول چال کا کورس

وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ میں میٹرک کے امتحان سے فارغ ہونے والے واقفین نو و واقفات نو کے لئے انگلش لینگوئج کلاسز کا اجراء کیا جا رہا ہے خواہشمند طلبہ وطالبات مورخہ 12/اپریل 2010ء کو انسٹیٹیوٹ واقع بیت نصرت دارالرحمت وسطی سے بوقت عصر تا مغرب رجسٹریشن فارم حاصل کر لیں۔ والدین اور سیکرٹریان وقف نو محلّہ جات سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبر 0476011966 پر رابطہ فرمائیں۔

﴿انچارج وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ ربوہ﴾

داخلہ کلاس نہم اردو میڈیم

(ناصر ہائی سکول ربوہ)

نظارت تعلیم کے ادارہ ناصر ہائی سکول دارالیمن ربوہ میں کلاس نہم اردو میڈیم میں محدود نشستوں پر داخلہ کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

داخلہ فارم 10/اپریل 2010ء سے صبح 9 تا 1 بجے دستیاب ہوں گے۔ فارم وصولی کی آخری تاریخ 15/اپریل ہے۔ داخلہ ٹیسٹ 17/اپریل بوقت 10 بجے صبح ہوگا۔ منتخب امیدواران کی لسٹ 18/اپریل 12 بجے دوپہر کو آویزاں کر دی جائے گی۔ سرٹیفیکیٹ اور فیس کی وصولی 19 تا 22/اپریل ہوگی۔

نوٹ :۔ داخلہ ٹیسٹ کلاس ہشتم میں سے انگریزی ریاضی اور سائنس کے مضامین پر مشتمل ایک ہی پرچہ کی صورت میں ہوگا۔ ہر قسم کی معلومات کے لئے سکول سے رابطہ فرمائیں۔

(پرنسپل ناصر ہائی سکول ربوہ)

مشعل راہ

شیطان ہمیشہ بدی اور ناپسندیدہ باتوں کی تحریک کرتا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 12 دسمبر 2003ء میں حضرت مصلح موعود کے حوالے سے بیان فرماتے ہیں۔

حضرت مصلح موعود اس بارہ میں فرماتے ہیں کہ:۔

’’............اس طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ اے مومنو! شیطانی طریق اور شیطانی مذہب اور شیطانی اثر کو اختیار نہ کرو اور اس امر کو یاد رکھو کہ جو شخص شیطانی طریق اور مسلک کو قبول کرتا ہے وہ لازماً بدی اور ناپسندیدہ باتوں کے پیچھے پڑ جاتا ہے۔ کیونکہ شیطان ہمیشہ بدی اور ناپسندیدہ باتوں کی ہی تحریک کیا کرتا ہے۔ لیکن یہ بھی یاد رکھو کہ کامل پاکیزگی بغیر اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت کے حاصل نہیں ہو سکتی۔ پس اس کا طریق یہ ہے کہ خدا تعالیٰ سے دعائیں کرتے رہو اور اپنے حالات کو زیادہ سے زیادہ پاکیزہ لوگوں کی طرح بناؤ تا کہ وہ یہ دیکھ کر کہ تم پاکیزہ بننے کی کوشش کر رہے ہو تمہیں پاکیزہ بنا دے۔

پھر آپ نے فرمایا کہ:

’’شیطان ہمیشہ انسان کے پیچھے پڑا رہتا ہے حتیٰ کہ جب انسان خدا تعالیٰ پر ایمان لے آتا ہے تب بھی اس کا پیچھا نہیں چھوڑتا اور اسے گمراہ کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ اور کئی لوگ اس کے دھوکے میں آ کر ایمان لانے کے بعد بھی اس کی باتوں کو ماننے لگ جاتے ہیں اور مرتد اور فاسق ہو جاتے ہیں اور یہ خطرہ اس قدر عظیم ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کا فضل نہ ہو تو کوئی شخص بھی اس خطرہ سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔ **مگر اس فضل کو جذب کرنے کا طریق یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی صفت سَمِیْعٌ سے فائدہ اٹھائے اور اس کے دروازے کو کھٹکھٹائے۔ اگر وہ اس کے دروازے کو کھٹکھٹائے گا اور اس سے دعائیں کرنا اپنا معمول بنا لے گا تو اللہ تعالیٰ جو علیم ہے اور اپنے بندوں کے حالات اور ان کی کمزوریوں کو خوب جانتا ہے اس کے دل میں ایسی ایمانی قوت پیدا کر دے گا جس کے نتیجہ میں وہ شیطانی حملوں سے محفوظ ہو جائے گا اور اسے طہارت اور پاکیزگی میسر آ جائے گی‘‘** (تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 281)

جب دعائیں کر رہے ہوں شیطان سے بچنے کے لئے جو کہ روز ہر احمدی کو ضرور کرنی چاہئیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعا کو بھی ہمیشہ پیش نظر رکھیں۔ حدیث میں آتا ہے۔

حضرت عبداللہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کچھ دعائیہ کلمات سکھائے اور دعائیہ کلمات سکھانے میں آپؐ کا انداز وہ نہ ہوتا تھا جو تشہد سکھاتے وقت ہوتا تھا۔ وہ کلمات یہ ہیں کہ:۔

’’اے اللہ! ہمارے دلوں میں محبت پیدا کر دے۔ اور ہماری اصلاح کر دے اور ہمیں سلامتی کی راہوں پر چلا اور ہمیں اندھیروں سے نجات دے کر نور کی طرف لے جا۔ اور ہمیں ظاہری اور باطنی فواحش سے بچا۔ اور ہمارے لئے ہمارے کانوں میں، ہماری آنکھوں میں، ہمارے دلوں میں، ہماری بیویوں میں اور ہماری اولادوں میں برکت رکھ دے۔ اور ہم پر رجوع برحمت ہو۔ یقیناً تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔ اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر کرنے والا اور ان کا ذکر خیر کرنے والا اور ان کو قبول کرنے والا بنا اور اے اللہ ہم پر وہ نعمتیں مکمل فرما‘‘۔ (سنن ابی داؤد کتاب الصلوٰۃ باب التشھد)

اب اللہ تعالیٰ کا فضل مانگنے کے لئے یہ کتنی خوبصورت دعا ہے کہ شیطان کے حیلوں، اس کی طرف سے پیدا کئے ہوئے وسوسوں، اس کی شرارتوں سے بچنے کے لئے اللہ کا فضل اور اس کی پناہ ضروری ہے۔ تو سب سے بڑھ کر انسان کا اپنا نفس ہے جو ایسی باتوں کا شکار ہوتا ہے۔ کہ گو وہ اس حد تک تو نہیں پہنچتا جیسے کہ میں نے پہلے مثال دی ہے کہ بگڑتے بگڑتے اتنی دور چلے جاتے ہیں کہ نیکوں کی جماعت میں رہ ہی نہیں سکتے۔ لیکن بعض چھوٹی چھوٹی بیماریاں جو ہیں ان کی اصلاح کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے رہنا چاہئے۔

(روزنامہ الفضل 30 مارچ 2004ء)

مکرم ابراہیم بن یعقوب صاحب امیر و مربی انچارج ٹرینیڈاڈ

جماعت احمدیہ ٹرینیڈاڈ اور ٹوبیگو کا جلسہ سالانہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے 30-31 اکتوبر اور یکم نومبر 2009ء کو جماعت احمدیہ ٹرینیڈاڈ اور ٹوبیگو (Trinadad & Tobago) کو اپنا سالانہ جلسہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ امسال منسٹر آف ٹیکنالوجی آنریبل Christine Kangaloo کے علاوہ بھارتی ہائی کمشنر H.E. Mr M.Mishra اور سرینام کے سفیر کی نمائندگی میں Mr. Iwan Sodikromo نے اس جلسہ میں شرکت کی۔ ان کے علاوہ مکرم مولانا وسیم احمد ظفر صاحب مربی انچارج برازیل بھی شامل ہوئے۔

نماز جمعہ کے ساتھ جلسہ کا آغاز ہوا۔ بعدہٗ لوائے احمدیت اور ٹرینیڈاڈ اور ٹوبیگو کے قومی پرچم لہرائے گئے جس کے بعد دعا کی گئی۔ شام کے وقت تلاوت قرآن کریم اور نظم کے مقابلے ہوئے جن میں مختلف جماعتوں نے حصہ لیا۔ دوسرے دن کا آغاز حسب روایت نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد درس قرآن مجید دیا گیا۔ دوسرے دن کے پروگرام میں تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد خاکسار نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا وہ پیغام جو حضور انور نے اس جلسہ کے لئے خاص طور پر بھجوایا تھا پڑھ کر سنایا۔ اس پیغام میں حضور انور نے ساری جماعت کو سلام بھیجا تھا اور ہر احمدی کو دعوت الی اللہ کے سلسلہ میں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی طرف توجہ دلائی۔

ازاں بعد ’’نماز کی اہمیت‘‘، ’’مالی قربانی کے فوائد‘‘ ’’جمعہ کی نماز کی اہمیت‘‘ ’’آنحضرتؐ کے عورتوں پر احسانات‘‘ اور خلافت کی اس نئی صدی میں ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں‘‘ کے موضوعات پر تقاریر ہوئیں۔ اطفال نے بیعت کے سلسلہ میں ایک ٹیبلو پیش کیا۔ جس کے بعد مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھی گئیں۔

تیسرے دن کا آغاز بھی نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد درس قرآن مجید دیا گیا۔ تیسرے دن کے دوسرے اجلاس میں تلاوت و نظم کے بعد St Lucia جماعت سے آئے ہوئے Brother Iman Jhad نے ’’نماز کی اہمیت اور برکات‘‘ کے موضوع پر تقریر کی۔ جس کے بعد خاکسار نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام دوبارہ احباب کو پڑھ کر سنایا تا کہ احباب اپنے ایمانوں کو پھر تازہ کریں۔

معزز مہمانوں کی آمد کے ساتھ ہی اختتامی اجلاس کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد خاکسار نے ’’دین ایک امن پسند مذہب ہے‘‘ کے عنوان پر تقریر کی۔ اس کے بعد معزز مہمانوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ جن میں امریکی سفارت خانے کی طرف سے چارج ڈی افیئر نے صدر اوباما کی طرف سے بتایا کہ وہ دنیا میں امن کے لئے کوشاں ہیں۔

اسی طرح بھارتی ہائی کمشنر نے بھی اپنے ملک کی طرف سے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور بتایا کہ بھارت دنیا میں دوسری سب سے بڑی مسلمان آبادی والا ملک ہے۔ انہوں نے جماعت احمدیہ کی امن پسندی کا بھی اقرار کرتے ہوئے بتایا کہ یہ جماعت ساری دنیا میں امن کے قیام کے لئے جو جدوجہد کر رہی ہے کاش ساری دنیا اسی طرح کرے۔

ٹرینیڈاڈ اور ٹوبیگو کے وزیر اعظم کی نمائندگی میں آنریبل منسٹر آف ٹیکنالوجی نے جماعت احمدیہ کی دنیا بھر میں امن کی کوششوں کی تعریف کی اور بتایا کہ جماعت احمدیہ کا ماٹو Love for all Hatred for None بہت ہی دلکش ہے اور یہ جماعت جس طرح دنیا میں امن کے لئے کوشاں ہے اگر اس طرح دوسری جماعتیں بھی ایسی ہو جائیں تو دنیا میں امن قائم ہو سکتا ہے۔ آپ نے جماعت احمدیہ کی طرف سے ہیومینیٹی فرسٹ کی خدمات کی بھی تعریف کی۔ اختتامی دعا کے ساتھ اس جلسہ کا اختتام ہوا۔ امسال اس جلسہ میں 600 احمدی احباب کے علاوہ بہت سے اور غیر از جماعت دوستوں نے بھی شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ یہ جلسہ تمام شاملین کے لئے بہت بابرکت فرمائے اور باثمر ہو۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 26 فروری 2010ء)

عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 216-4550/3 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

جید عالم، عمدہ اخلاق کے پیکر، نامور ادیب اور مخلص دوست

محترم شیخ محمد اسماعیل صاحب پانی پتی کی دلآویز شخصیت

آپ نے سو سے زائد کتب اور سینکڑوں مقالے لکھ کر اردو ادب کا نام روشن کیا

معروف ادیب اور قلمکار محمد طفیل کی یادداشتیں

شیخ صاحب سے مراد شیخ محمد اسماعیل پانی پتی ہے۔ جو مہربان دوست تھے مگر دور چلے گئے۔ اللہ کے پیاروں میں شامل ہوگئے۔ آخر اللہ کو اتنے پیاروں کی کیا ضرورت ہے۔ یہ عقدہ آج تک نہ کھلا۔

عام لوگوں کی زندگی میں اور ادیبوں کی زندگی میں فرق ہوتا ہے۔ عام لوگ اپنی طبعی عمر کے بعد مر ہی جاتے ہیں مگر ادیب کی زندگی کا آغاز ان کی موت کے بعد سے شروع ہوتا ہے۔ اس اعتبار سے شیخ محمد اسماعیل پانی پتی کتنے برس تک زندہ رہیں گے۔ اس کے بارے میں میں کوئی پیشین گوئی نہیں کرنا چاہتا۔ میں تو صرف ان کے بارے میں باتیں کرنی چاہتا ہوں۔

شیخ صاحب کا قد چھوٹا تھا۔ جسم بھی قدرے اکہرا تھا۔ آنکھیں بڑی بڑی، چہرے پر سفید داڑھی، سر پر ترکی ٹوپی، باتیں تیزی سے کرتے تھے۔ بس فرفر کی آواز آتی تھی اور کچھ پلے نہ پڑتا تھا۔ ابتدا میں تو میں بھی بڑا پریشان ہوا۔ بعد میں جملہ باتیں سمجھ لیتا تھا۔

ایک دن شیخ صاحب تشریف لائے۔ ہم کسی معاملے میں مشورہ کرنا چاہتے تھے۔ جن صاحب کے بارے میں مشورہ کرنا چاہتے تھے وہ شیخ صاحب کی آمد سے پہلے ہی میرے پاس بیٹھے تھے۔ میں نے شیخ صاحب سے پوچھا ’’پھر آپ نے کیا سوچا؟‘‘

شیخ صاحب گھبرائے، ایک طرف سرک کر اور ان صاحب کی طرف خفیہ اشارہ کر کے اور ہونٹوں پر انگلی رکھ کر مجھے چپ رہنے کا مشورہ دیا۔

میں نے دوبارہ کہا ’’بتا دیجئے، کچھ فرق نہ پڑے گا‘‘۔

شیخ صاحب نے سوچا: طفیل غلطی کر رہا ہے لہٰذا یہ کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے۔ ’’میں ذرا لائبریری تک جا رہا ہوں۔ واپسی پر حاضر ہوں گا‘‘۔

میں نے کہا ’’بہت اچھا‘‘

جب شیخ صاحب دوبارہ آئے تو کہنے لگے۔ ’’آپ عجیب آدمی ہیں۔ جن صاحب کے بارے میں، آپ میری رائے پوچھ رہے تھے وہ تو موجود تھے اور آپ ان کی موجودگی میں مجھ سے رائے طلب کر رہے تھے۔

میں نے جواب میں کہا ’’میں نے سوچ لیا تھا کہ محتاط الفاظ میں گفتگو کروں گا اور آپ کی باتیں تو ان کی سمجھ میں آنا ہی نہ تھیں۔ لہٰذا ان کے سامنے گفتگو کرنے میں بھی کوئی مضائقہ نہ تھا‘‘۔

میری اس رائے پر شیخ صاحب اس انداز میں ہنسے کہ متعلقہ صاحب اگر موجود بھی ہوتے تو معلوم نہ کر سکتے کہ شیخ صاحب میری سادگی پر ہنسے یا اپنی گفتگو کے کمال پر!

شیخ صاحب عمر کے اس حصے میں تھے کہ جب آنکھیں جواب دے جاتی ہیں۔ مگر شیخ صاحب کی بینائی میں بڑی جان تھی۔ وہ بڑے خوشخط تھے اور بڑا باریک باریک لکھتے تھے۔ سطریں بالکل سیدھی، جیسے کوئی فوجی کھڑا ہو۔

ایک دن مجھے کہنے لگے۔ ’’میں آپ کو چاول کا ایک دانہ دینا چاہتا ہوں‘‘ میرا جواب یہ تھا۔ ’’کیا آپ مجھ سے دیگ کا حال معلوم کرنا چاہتے ہیں‘‘۔

نہیں نہیں، ذرا رکو تو، یہ کہہ کر اٹھے اور ایک چھوٹی سی ڈبیا اٹھا لائے۔ کہنے لگے ’’دیکھو‘‘

’’کیا دیکھوں‘‘

’’کہا اس ڈبیا کے اندر کیا ہے؟‘‘

میں نے ڈبیا کھولی تو روئی کے اندر لپٹا ہوا چاول کا ایک دانہ پڑا تھا۔

میں نے کہا ’’یہ دانہ بڑا خوش قسمت ہے اسے بڑے اہتمام سے رکھا گیا ہے۔ قصہ کیا ہے؟‘‘

کہنے لگے ’’چاول کے اس دانہ پر پوری قل ھواللہ لکھی ہوئی ہے۔ یہ کہہ کر انہوں نے مجھے ایک چھوٹا سا شیشہ دیا اور کہا کہ ’’لو پڑھ لو‘‘

میں نے شیشے کی مدد سے چاول کو دیکھا تو اس پر بڑی مہارت سے پوری قل ھواللہ لکھی ہوئی تھی۔

میں نے کہا میں نے سن رکھا تھا۔ لوگ چاول کے دانے پر قل ھواللہ اور چنے کے دانے پر الحمد شریف لکھ لیتے ہیں مگر دیکھا کبھی نہ تھا۔ میں نے استفسار کیا ’’یہ کس نے لکھا؟‘‘

کہنے لگے ’’میں نے لکھا ہے اور آپ کی نذر ہے‘‘

مجھے اس دن معلوم ہوا کہ چاول کا دانہ بھی کتنی اہمیت رکھتا ہے اور دانہ گندم کی جو اہمیت ہے اس کو تو ہم آج تک بھگت رہے ہیں۔

ہماری دوستی عجیب تھی۔ وہ بزرگ، میں نوجوان (یہ قصہ 1951ء کا ہے) وہ ساٹھ کے پیٹے میں، میں نوجوانی کی دہلیز پر، وہ جید عالم، میں ادب کا ایک معمولی طالب علم، وہ اخلاق کا مجسمہ، میں تند خو اور سرکش، وہ کٹر مذہبی، میں ترقی پسند ادب کا دلدادہ، غرض کوئی بھی قدر مشترک نہ تھی۔ اس کے باوجود ہم ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک تھے وہ گھریلو قسم کے مشورے بھی مجھ سے لیا کرتے تھے۔ میں جوانی کی ترنگ کی باتیں بھی ان سے کر لیا کرتا تھا۔

میرا اخلاق سنوارنے کی شیخ صاحب نے بڑی کوشش کی۔ اللہ ہی جانے وہ کس حد تک کامیاب ہوئے۔ یہ دکھ مجھے آج بھی ہے کہ جن دنوں میں میرا یارانہ سعادت حسن منٹو اور ممتاز مفتی کے ساتھ ہونا چاہئے تھا ان دنوں میں بڈھوں میں گھر گیا۔ یہی وجہ تھی کہ عین جوانی میں بھی میری سوچیں بوڑھی ہوگئیں۔ حتیٰ کہ خود بوڑھا ہوگیا۔

شیخ صاحب کا مجھ پر ایک ایسا احسان ہے جسے میں زندگی بھر بھول نہ سکوں گا۔ قصہ نقوش کی ادارت کا ہے۔ 1951ء میں سید وقار عظیم نے مجھے بتایا کہ اب میں نقوش کی ادارت نہ کر سکوں گا۔ کیونکہ یونیورسٹی نے اس سال اجازت نہیں دی۔

ایک برس تک سید وقار عظیم نے نقوش کو سنوارا تھا۔ ڈیڑھ دو برس تک ہاجرہ مسرور اور احمد ندیم قاسمی نے۔ چنانچہ میں خاصا پریشان تھا۔ شوق کو سوسو وسوسے لاحق ہوئے۔ مگر دل ایک لحاظ سے مطمئن بھی تھا کہ چلو خسارے سے تو جان چھوٹی!

ایسے ہی عالم میں شیخ صاحب میرے پاس آئے۔ آنکھوں سے میرے چہرے کا حال پڑھا۔ پوچھا ’’خیر باشد‘‘!

میرا جواب یہ تھا ’’خیر تو ہے مگر پریشان بہت ہوں‘‘

’’یہ کیا معمہ؟‘‘

’’خیر اس لئے ہے کہ نقوش کے بند ہو جانے کا سامان ہوگیا ہے۔ پریشان اس لئے ہوں کہ ابھی اس شوق کو دفنانے کا ارادہ نہ تھا‘‘

شیخ صاحب کا ارشاد! ’’فکر والی کوئی بات نہیں کل اس موضوع پر باتیں ہوں گی‘‘

دوسرے دن شیخ صاحب تشریف لائے۔ میں نے دل میں کہا یہ کہیں گے۔

’’خاکسار کی خدمات حاضر ہیں۔ مگر ان کا مشورہ یہ تھا ’’اب ادارتی فرائض کو خود سنبھالو‘‘

میں اس مشورے پر سناٹے میں آ گیا۔ ایسا محسوس ہوا جیسے ایک پہاڑ کا بوجھ میرے سر پر رکھ دیا گیا ہو۔ میں نے ہڑبڑا کر اس منصب پر فائز ادیبوں پر نگاہ دوڑائی۔ رتن ناتھ سرشار، محمد حسین آزاد، شبلی نعمانی، ابوالکلام آزاد، ظفر علی خان، سر عبدالقادر اور دیا نرائن نگم!

میں شیخ صاحب سے کہتا ہی رہا۔ ’’یہ ممکن نہیں، یہ ممکن نہیں‘‘ مگر ان کا اصرار بڑھتا رہا۔ یہی حل ہے۔ یہی حل ہے۔ بالآخر انہوں نے مجھے قلم کی روزی پر ڈال ہی دیا۔ وہ دن اور آج کا دن کہ قلم کی چکی پیس رہا ہوں۔ قلم کی اس چکی میں جان و مال کا زیاں تو ہے مگر سکون کی دولت بہت ہے۔ ہم لٹنے پر بھی اپنے آپ کو بادشاہ سمجھتے ہیں۔

شیخ صاحب کی یادداشت اور حافظے کا بھی عجیب عالم تھا۔ کتابوں کے حوالے ازبر عبارتیں ازبر شیخ صاحب کسی دوسرے شہر جا رہے تھے۔ سوٹ کیس ہاتھ میں تھا کہ ایک شخص راستے میں مل گیا۔ اسے مولانا حالی کی لائبریری سے کسی کتاب کی ضرورت تھی۔ اس نے کہا شیخ صاحب مجھے یہ کتاب چاہئے۔ شیخ صاحب نے جواب دیا۔ ’’اب تو میں باہر جا رہا ہوں واپسی پر سہی‘‘ وہ صاحب لپٹ گئے۔ کہا ’’مجھے کتاب کی فوری طور پر ضرورت ہے‘‘

انہوں نے کہا ’’یہ بات ہے تو خواجہ صاحب سے جا کر کہیں کہ فلاں شیلف میں وہ کتاب رکھی ہوئی ہے۔ وہ آپ کو دے دیں گے‘‘۔

وہ شخص خواجہ سجاد حسین کے پاس پہنچا جو کہ مولانا حالی کے بیٹے تھے۔ اس نے جا کر کہا ’’مجھے یہ کتاب چاہئے‘‘ خواجہ صاحب نے فرمایا ’’وہ نہیں ہے‘‘

اس شخص نے بتایا ’’فلاں الماری میں اور فلاں شیلف میں پڑی ہے‘‘۔ خواجہ صاحب نے پوچھا ’’آپ کو کس نے بتایا؟‘‘

’’شیخ محمد اسماعیل نے!‘‘

خواجہ صاحب بڑے بھنائے، جب شیخ صاحب واپس آئے تو خواجہ صاحب نے کہا ’’شیخ صاحب آپ بھی عجیب آدمی ہیں۔ ہر شخص کو ہر بات بتا دیتے ہیں۔ کوئی پوچھے تو یہ بھی بتا دینا کہ مسلم ہائی سکول کا خزانہ وہاں پڑا ہے‘‘۔

شیخ صاحب نے جواب دیا ’’اگر مجھے معلوم ہوا اور کسی شخص نے پوچھ لیا تو ضرور بتا دوں گا۔ جھوٹ ہرگز نہ بولوں گا‘‘۔

شیخ صاحب میں حس مزاح بہت تھی۔ بڑھاپے میں تو اولاد بھی والدین سے بھاگتی ہے مگر یہ ایسے بزرگ تھے جن سے دور بھاگنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔ ہمدرد و مشفق، پرائے دکھ اپنانے والے، اپنے دوست کے ہی نہیں بدخواہوں کے بھی کام آنے والے، کوئی بھی فرمائش کر دے ان کے بس میں ہوگا تو کر گزریں گے۔ چاہے ان کا بھرکس ہی کیوں نہ نکل جائے!

بھرکس کا لفظ میں نے خاص طور پر استعمال کیا ہے قصہ سناتا ہوں۔ فیصلہ خود کر لیں کہ لفظ کا استعمال صحیح ہوا کہ نہیں۔ کیونکہ کسی بھی تحریر میں، الفاظ کے چناؤ کا مسئلہ بڑا اہم ہوتا ہے۔ بلکہ تحریر میں اہم مسئلہ الفاظ کے انتخاب ہی کا ہوتا ہے بہرحال یہ قصہ ان دنوں کا ہے

جب میں خطوط نمبر مرتب کر رہا تھا۔

کبھی آپ نے نواب محسن الملک کا خط پڑھا ہے؟ سرسید احمد خان کا خط؟ مولوی عنایت اللہ کا خط؟ مولانا عبدالماجد دریا بادی کا خط؟ اگر آپ نے ان کے خطوط، ان کے اپنے ہینڈ رائٹنگ میں پڑھے ہوں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ایسے حضرات کے خطوط پڑھنا کتنے جان جوکھوں کا کام ہے۔

جب میں نے جملہ خطوط کو سامنے رکھا انہیں پڑھنے لگا تو میں نے سر کو پیٹ لیا۔ معلوم ہوا کہ مفہوم کو تو ٹٹولا جاسکتا ہے مگر لفظ بہ لفظ صحیح نہیں پڑھا جاسکتا۔ ایسے خطوط جنہیں پڑھنے کی ضرورت تھی ایک دو نہیں بلکہ سینکڑوں تھے سچ پوچھیں تو ہزاروں!

میں نے دشواری کا ذکر، شیخ صاحب سے کر دیا۔ انہوں نے جھٹ کہا ان میں سے سرسید کے خطوط میں پڑھ دوں گا۔ سرسید کا خط بظاہر صاف نظر آتا ہے مگر الفاظ ٹیڑھے میڑھے اور ایک دوسرے میں پیوست ہوتے ہیں۔ چنانچہ میں نے ایک بڑے پلندے میں سے سرسید احمد خان کے 821 خطوط اٹھائے اور شیخ صاحب کے حوالے کر دیئے۔

دو چار دن کے بعد جا کر خیریت پوچھی تو معلوم ہوا کہ ایک دن میں چار پانچ خطوط سے زیادہ پڑھے ہی نہیں جاسکتے۔ کیونکہ بعض اوقات ایک لفظ پڑھنے میں ایک ایک دو دو گھنٹے صرف ہو رہے ہیں۔

دس پندرہ دن بعد پھر احوال پوچھے کہنے لگے آپ خطوط کو جلد پڑھنے کے لئے کہتے ہیں میں صبح خطوط کو لے کر بیٹھتا ہوں رات کے گیارہ بجے تک پڑھتا ہوں۔ باہر کا آنا جانا موقوف کر رکھا ہے۔ پیشاب بھی آتا ہے تو اسے کہتا ہوں ذرا ٹھہر! اس کے باوجود ابھی تک ساٹھ سے زیادہ خطوط نہیں پڑھ سکا میں تو وعدہ کر کے پھنس گیا ہوں۔

چنانچہ وہ ایسا پھنسے، ایسا پھنسے کہ پورے تین ماہ تک خطوط پڑھتے رہے اور مجھے دعائیں دیتے رہے۔ کوئی اور ہوتا تو اس خدمت کو کبھی بھی بجا نہ لاتا کہتے تھے کچھ ادب کی خدمت کا شوق لے ڈوبا کچھ آپ کی محبت نے انجر پنجر ڈھیلا کر ڈالا۔ بہرحال میرا تو بھرکس نکل گیا۔

ہاں تو شیخ صاحب نے مجھ سے خطوط لئے تھے تو کہا تھا کہ خطوط کا پڑھنا کونسا مشکل کام ہے۔ چنانچہ جب انہوں نے کہا کہ خطوط کے پڑھنے میں میرا تو بھرکس نکل گیا تو میں نے ان کا فقرہ ان پر چپکایا کہ خطوط پڑھنا کونسا مشکل کام ہے۔ اس پر اتنا ہنسے اتنا ہنسے کہ کہنے لگے کہ آج ساری کلفت دور ہوگئی۔

میں نے اس پر کہا یہ تو اچھا ہوا کہ آپ کی کلفت دور ہوگئی مگر یہ تو بتا دیجئے کہ کام کے دوران آپ نے جس چیز کو دیکھا تھا اسے بھی اذن عام دیا کہ نہیں؟ اس پر شیخ صاحب دیر تک ہنستے رہے اور یہ لطیفہ انہوں نے اپنے متعدد دوستوں کو سنایا۔

ایک لطیفہ اور بھی سنایا کرتے تھے وہ یہ کہ شیخ صاحب شکر کا استعمال زیادہ کیا کرتے تھے۔ ہم ان سے پوچھتے چائے میں کتنی چینی؟ کہہ دیتے تین چار چمچے ایسا ایک بار نہیں، کئی بار ہوا۔

ایک دن ہم شیخ صاحب کے گھر بیٹھے تھے، ان میں کچھ ایسے دوست بھی تھے جن کا آرٹ ہی خوشامد تھا۔ چائے آئی میں نے سوچا، چائے بنانے کی سعادت میں حاصل کروں۔ چنانچہ میں نے حسب عادت پوچھا کتنی چینی؟ کہنے لگے ایک چمچہ!

میں نے کہا ’’شیخ صاحب یہ کیا چکر ہے کہ آج آپ دوسروں کے گھر میں چائے پیتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ڈال دو، چار پانچ چمچے مگر اپنے گھر میں ایک چمچہ!

کہنے لگے (اور حاضرین کی طرف معنی خیز نظروں سے دیکھ کر) کہ اب میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ چمچے جتنے بھی کم ہوں اچھا ہے۔

یہ بزرگ تھے مگر پیارے بزرگ جبکہ ہر بزرگ پیار کے قابل نہیں ہوتا۔ اگر کوئی بزرگ پیار کے قابل ہوتا بھی ہے تو وہ اس سے پیار نہیں کرتے۔ کیونکہ ایک فاصلہ، ایک نسل بیچ میں آ کے کھڑی ہو جاتی ہے مگر یہ جب تک جئے۔ خوش طبعی سے جئے یہی وجہ ہے کہ ان کے اور ہمارے درمیان، نہ فاصلہ حائل ہوا اور نہ ایک نسل۔

ایک بار میں نے شیخ صاحب سے شعراء کا مختصر سا تذکرہ لکھوایا تھا جو کہ غزل نمبر کے دوسرے ایڈیشن میں شامل ہے۔ جب شیخ صاحب مسودہ لائے اور میں نے مسودے کو ادھر ادھر سے جھانکا تو انہوں نے میری رائے پوچھی۔

میں نے کہا ’’ پچانوے فیصد جامع‘‘ میں نے پچانوے فیصد جامع کا لفظ اس لئے استعمال کیا تھا کہ تحقیقی کاموں میں صد فی صد والا معاملہ ہو ہی نہیں سکتا۔ کوئی نہ کوئی پہلو دبتا ہوا رہ جاتا ہے۔ کوئی نہ کوئی تسامح ہو جاتا ہے کوئی نہ کوئی انکشاف ہوتا ہی رہتا ہے۔

مگر میرے ’’پچانوے فیصد جامع‘‘ والی بات پر انہوں نے کہا۔ ’’ایک لطیفہ سن لو‘‘

میں نے کہا ’’ارشاد‘‘

کہنے لگے۔ جب میں آٹھویں جماعت میں پڑھتا تھا تو امتحان میں ایک عنوان کے تحت مضمون لکھنے کے لئے کہا گیا میرا اس موضوع پر اچھا خاصا مطالعہ تھا میں نے خوب دلجمعی سے مضمون لکھا۔

میرے استاد نے اس مضمون پر مجھے شاباش دی۔ ساتھ ہی حوصلہ افزائی کے طور پر یہ کہا ’’اتنا اچھا مضمون تو شاید میں بھی نہ لکھ سکتا‘‘۔

اس پر میں نے (یعنی شیخ صاحب نے) استاد مکرم کی خدمت میں گزارش کی ’’اس کے باوجود سو میں سے پچانوے نمبر دیئے‘‘

میرے استاد کا جواب یہ تھا ’’پانچ نمبر استادی کے کاٹے ہیں۔

میں نے ابھی عرض کیا تھا کہ شیخ صاحب نے طبیعت بڑی مفرح پائی تھی۔ ایک واقعہ اور سن لیجئے کہ پانی پت میں ایک دکاندار تھے۔ بڑے متین اور وضع دار، علمی ذوق بھی خاصا تھا۔ ادیب اور شاعر آتے جاتے ان کے ہاں بیٹھ جایا کرتے تھے۔ نام ان کا شیخ محمد نوح تھا۔

ایک دن وہ خاصے پریشان تھے۔ شیخ صاحب نے پوچھا۔ ’’خیریت تو ہے؟‘‘

محمد نوح ترت بولے۔ بیٹے کے کرتوتوں نے پریشان کر رکھا ہے پھر تفصیل بتانا شروع کر دی۔ اس نے یہ کہا اس نے وہ کہا وہ ایسا نکل گیا وہ ویسا نکل گیا۔

محمد شیخ صاحب چپ چاپ سنتے رہے بولے کچھ نہیں۔ بالآخر محمد نوح نے کہا شیخ صاحب، میں اپنی بپتا آپ کو سنا رہا ہوں اور آپ بول ہی نہیں رہے۔

شیخ صاحب نے چپکے سے کہہ دیا۔ ’’میں کیا بولوں وہ تو پسر نوح نکلا‘‘

اگر کوئی شخص ان کے ہاں کوئی امانت رکھواتا تھا تو یہ بے حد پریشان ہوتے تھے۔ ان کا سوچنے کا انداز یہ تھا کہ عمر مستعار کا اعتبار کیا! مر گیا تو کیا ہوگا۔ احتیاطاً اپنے بیٹے کے نام بطور وصیت یادداشتیں بھی لکھتے جاتے کہ فلاں فلاں شخص کی میرے پاس امانت ہے اور فلاں فلاں جگہ رکھی ہے۔

اگر کوئی ہزار روپیہ دے گیا ہے اور وہ شخص جب اسے واپس لینے آئے گا تو اسے سو سو کے بھی وہی نوٹ واپس ملیں گے۔ دس دس کے بھی وہی اور پانچ پانچ کے بھی وہی، مطلب یہ کہ اس امانت کی ایک پوٹلی بنا لیتے تھے۔ پھر اسے کسی جگہ احتیاط سے رکھ دیتے تھے۔ مطالبے پر وہی رقم، جوں کی توں نکال کر دے دیتے تھے۔

کہا کرتے تھے کہ امانت کا مطلب ہی یہ ہے کہ اصل چیز ہی واپس کی جائے۔ ہزار روپیہ واپس کرنا اتنا اہم نہیں۔ جتنا کہ یہ ہزار کے نوٹ بھی وہی ہوں جو کہ بہ وقت امانت سپرد کئے گئے تھے۔

شیخ صاحب کے ایک دوست نے مجھے بتایا کہ ’’میں نے جب بھی شیخ صاحب کو آزمایا، وہ دوستی کے پلڑے میں بہت بھاری نکلے‘‘۔ ان کے دوست کا کہنا ہے کہ مجھے اچانک خبر ملی کہ والدہ کا انتقال ہوگیا ہے۔ اتفاق کہ اس وقت میرے پاس اتنی رقم نہ تھی کہ گاؤں تک پہنچ سکتا۔ ادھر ادھر دوستوں پر نگاہ دوڑائی تو دل میں فیصلہ یہ کیا کہ شیخ صاحب کے پاس چلنا چاہئے۔

چنانچہ جب میں نے شیخ صاحب کو اس حادثہ کی اطلاع دی، ساتھ ہی اپنی ضرورت کا اظہار کیا تو رنجیدہ ہوگئے۔ چپکے سے اٹھے اور تیس روپے لا کر مجھے دے دیئے اور کہا اس وقت گھر میں صرف اتنے ہی روپے تھے۔ ساتھ ہی یہ کہا کہ میں اس لمحے یہ بھی سوچنا نہیں چاہتا کہ میری اپنی فوری ضرورتوں کا کیا بنے گا!

متحدہ ہندوستان میں ......کی پہچان یہ بھی تھی کہ وہ ترکی ٹوپی پہنتا تھا۔ ان دنوں ترکی ٹوپی کا رواج عام تھا۔ آہستہ آہستہ کم ہوتا گیا۔ پھر ترکی ٹوپی پہننے والے خال خال رہ گئے۔ پاکستان بننے کے بعد تو ترکی ٹوپی عنقا ہی ہوگئی مگر شیخ صاحب ترکی ٹوپی ہی پہنتے تھے۔ انہوں نے دو اور ترکی ٹوپی پہننے والوں سے بھی دوستی کر رکھی تھی۔ ایک میاں ایم اسلام سے، دوسرے اشرف صبوحی سے۔ ان تینوں میں خوب گاڑھی چھنتی تھی۔ میرے نزدیک دوستی کا سبب تھا، ترکی ٹوپیاں جب یہ تینوں اکٹھے باہر نکلتے تو یار کہتے، اصحاب ثلاثہ جا رہے ہیں۔

میاں ایم اسلم کو بھی دعوتیں کرنے کا شوق تھا۔ شیخ صاحب کو بھی لپکا، کبھی ان کے ہاں دعوت کبھی ان کے ہاں، مزے میں میں اور اشرف صبوحی تھے۔ جو ان میں سے کسی کی دعوت کو رد نہ کرتے تھے۔ اگر کبھی ہمیں غیرت نے للکارا بھی تو ان کا خلوص لے ڈوبا، سارے کام چھوڑ دو مگر دعوت میں ضرور آنا، یہ فقرہ ایم اسلم کو بھی ازبر تھا اور یہ فقرہ شیخ صاحب کو بھی ازبر! بس ان بزرگوں کی دعوتوں میں ایک ذرا سا فرق ضرور تھا۔ ایم اسلم پیٹ کا بھی انتظام کرتے تھے اور ذہن کا بھی، یعنی کھاؤ بھی اور سنو بھی۔ شیخ صاحب کا انداز یہ تھا کہ بھئی میرے پاس تو خلوص ہی خلوص ہے اسے جس کھانے میں بھی چاہو ڈال دو۔ میں خوش میرا خدا خوش۔

شیخ صاحب بڑے وضعدار انسان تھے جو وطیرہ پہلے دن رہا اسے آخر تک نبھایا۔ شیخ ہمارے ہاں عید کے دوسرے روز صبح آٹھ بجے کے قریب آیا کرتے تھے۔ یہ سلسلہ ایک دو برس نہیں پورے اکیس برس تک نبھایا۔ آندھی ہو یا طوفان وہ ضرور پہنچیں گے۔

ایک سال وہ نہ آئے۔ آٹھ بج گئے۔ نو بج گئے۔ دس بج گئے ہم دونوں میاں بیوی پریشان، طے ہو رہا تھا کہ ان کی خیریت پوچھنے کے لئے نکلیں کہ دروازے پر ان کی چھڑی کی ٹک ٹک سنائی دی۔

ہماری جان میں جان آئی۔ دونوں نے بیک وقت کہا ’’لیجئے شیخ صاحب تو آ گئے‘‘۔

دیکھا تو ایک ہاتھ میں سوٹ کیس۔ ملتے ہی کہنے لگے کہ طفیل صاحب میں بڑا شرمندہ ہوں کہ وقت پر نہ پہنچ سکا میں سیدھا سٹیشن سے آپ کے ہاں آ رہا ہوں۔ آپ سے ملنے کے بعد گھر جاؤں گا۔ میں وقت پر ہی پہنچ جاتا مگر گاڑی لیٹ ہوگئی۔

آخری دنوں میں ان کے کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی وہ چلنے پھرنے سے معذور ہوگئے تھے۔ ایسے ہی عالم میں عید آ گئی۔ انہوں نے اس حالت میں بھی، اٹھنے اور ہمارے پاس پہنچنے کی سعی کی۔ اٹھے اور گر گئے۔ ہمارے ہاں نہ پہنچ سکے۔

بارہ بجے کے قریب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ کیونکہ وہ اپنی تکلیف کی وجہ سے آ نہیں سکے تھے۔ مجھے دیکھتے ہی کہنے لگے۔ مجھے بے حد افسوس ہے کہ آج میں حاضر نہ ہو سکا۔ اکیس برس پہلے کا عہد ٹوٹ گیا۔

ان کے صاحبزادے پاس ہی کھڑے تھے۔ کہنے لگے ’’آپ کی طرف جانے لگے تھے کہ گر گئے‘‘

میں نے پوچھا ’’چوٹ تو نہیں آئی؟‘‘

اس وقت شیخ صاحب خاموش رہے۔ جب صاحبزادے چائے لانے کے لئے اٹھے تو کہنے لگے بڑی سخت چوٹ آئی ہے۔ مگر میں نے اپنے لڑکے کے سامنے یہ بات نہیں کہی۔ اس لئے کہ دوست کی خاطر جو تکلیف پہنچے اسے تکلیف نہیں کہتے۔

اگر شیخ صاحب پر کوئی ذرا سی بھی مہربانی کر دیتا تھا تو وہ اسے زندگی بھر نہ بھولتے تھے۔ اتنا شکر گزار ہوتے تھے کہ جس کی حد نہیں۔ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے زمانے میں پرائیڈ آف پرفارمنس کے طور پر ادیبوں اور شاعروں کو دس ہزار کا انعام ملا کرتا تھا۔ اس انعام کے حاصل کرنے کے لئے بڑے گھوڑے اور بڑے بڑے گھوڑے دوڑائے جاتے تھے۔ سفارشیں اور بڑی بڑی سفارشیں کرائی جاتی تھیں۔ یوں کئی لوگوں کی قلعی بھی کھلی!

اس زمانے میں جو مرکزی سیکرٹری تعلیمات تھے ان کا نام تھا شیخ منظور الٰہی۔ میں اسلام آباد میں منظور الٰہی صاحب کے دفتر میں بیٹھا تھا۔ منظور صاحب نے مجھے بتایا کہ اس بار حکومت آپ کو پرائیڈ آف پرفارمنس کا انعام دے رہی ہے۔ سارے پراسس ہو چکے ہیں۔

میں نے منظور صاحب کو چھیڑا ''یہ دوستی کا انعام ہے یا ادبی خدمات کا؟''

منظور صاحب نے فرمایا یہ میری رائے نہیں سب کی رائے ہے اور یہ انعام آپ کی ادبی خدمت کے صلے میں ملے گا۔

ہم ابھی یہ باتیں کر ہی رہے تھے کہ اتنے میں نامور سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام آ گئے۔ انہوں نے اس موضوع پر بات کی اور منظور صاحب سے کہا کہ شیخ محمد اسماعیل پانی پتی کی ادب کے سلسلے میں بڑی خدمات ہیں ایک سو سے زائد کتابیں لکھ چکے ہیں۔ ضعیف العمر ہیں۔ اگر اس بار انہیں حسن کارکردگی کا انعام مل جائے تو بڑا کرم ہو۔

اور پھر منظور صاحب نے میری طرف دیکھا۔

میں چپ رہا۔

جب ڈاکٹر عبدالسلام اٹھ کر چلے گئے تو میں نے بھی منظور صاحب سے کہا ''یہ انعام شیخ صاحب کو ہی ملنا چاہئے ضعیف بھی ہیں۔ خدمات بھی ہیں ضرورت مند بھی ہیں''

منظور صاحب نے کہا ''اگر آپ نے اس بار یہ موقع ضائع کر دیا تو پھر یہ وقت ہاتھ نہ آئے گا''۔

میں نے کہا میری فکر نہ کریں۔ شیخ صاحب کو انعام دلوائیں۔ چنانچہ اس سال حسن کارکردگی کا انعام شیخ محمد اسماعیل پانی پتی کو ملا۔

کسی طرح سے اس بات کی اطلاع شیخ اسماعیل تک بھی پہنچی۔ جب تک جئے۔ مجھے دعائیں دیتے رہے۔ انہیں انعام میں تو صرف دس ہزار روپے ملے تھے مگر انہوں نے مجھے دعائیں لاکھوں لاکھ دیں۔ وہ اپنے آپ کو فائدے میں سمجھتے رہے اور میں اپنے آپ کو۔

ایک موقع پر شیخ صاحب نے ایک تولیہ نما چیز دکھائی پوچھا گیا۔ یہ کیا؟ کہنے لگے غور سے دیکھئے۔ دیکھا تو چھوٹے چھوٹے دھاگوں سے، تولیہ نما چیز بنی ہوئی تھی جو لمبائی اور چوڑائی میں ڈیڑھ گز اور ایک گز کے قریب ہوگی۔

کہنے لگے ''یہ میری والدہ کا کارنامہ ہے''۔

''کارنامہ؟''

''جی ہاں کارنامہ''

بازار سے جو سودا سلف لایا جاتا تھا ان پڑیوں پر جو دھاگہ، دکاندار باندھ کر دیتے تھے اسے میری والدہ اکٹھا کرتی رہیں نہ جانے کتنے برس جب اتنے سارے دھاگے جمع ہو گئے تو پھر والدہ نے انہیں مٹکے سے نکالا اور یہ تولیہ بنا دیا'

حیرت سے میرا منہ کھلا رہ گیا۔ پہلے ایک ایک دھاگہ اکٹھا کیا پھر ایک ایک دھاگہ جوڑا۔

ادب کی ریاضت کے باب میں شیخ صاحب نے جو کچھ بھی کیا۔ اس پر مجھے تو حیرت نہیں ہوتی۔ یہی نا کہ سوسوا سو کے قریب کتابیں لکھیں یہی نا کہ سینکڑوں مقالات ادق موضوعات پر لکھ ڈالے۔ حیرت اس لئے نہیں ہوتی کہ انہیں والدہ ایک رستہ دکھا گئی تھیں۔

انہوں نے بھی جتنا کام کیا وہ بھی ادب کی پڑیوں پر سے دھاگے ہی اکٹھا کرنے کا کام کیا۔

مکرم پروفیسر مرزا مبشر احمد صاحب

میری نانی محترمہ نواب بیگم صاحبہ کا ذکر خیر

میری نانی جان کا تعلق کالرہ کلاں ضلع گجرات سے تھا۔ آپ بڑی خداترس، ملنسار، متوکل، مہمان نواز، مجسم شفقت، تہجد گزار، دعاگو اور سلسلہ سے گہری وابستگی رکھنے والی تھیں۔ قادیان کے قیام کے دوران 1942ء تا تقسیم ہند محلّہ دارالرحمت قادیان کی صدر لجنہ کے طور پر فرائض ادا کرنے کی توفیق ملی۔ چنانچہ تاریخ لجنہ جلد اول کے صفحہ 497 پر عہدیداران لجنہ اماء اللہ قادیان کی فہرست میں محلّہ دارالرحمت کی صدر کے طور پر آپ کا ذکر ملتا ہے۔

میرے نانا جان ڈاکٹر میر محمد علی خان صاحب نے پہلی جنگ عظیم میں مشرقی افریقہ کے محاذ پر خدمات انجام دینے کے بعد وہیں بطور سول سرجن ڈاکٹر ملازمت اختیار کر لی تھی۔ زیادہ عرصہ نیروبی وممباسہ میں قیام رہا۔ انیسویں صدی کی تیسری دھائی میں حضرت مصلح موعود سے شرف ملاقات حاصل کرنے اور اپنے والد حضرت میر میراں بخش صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے پاس کچھ وقت گزارنے کے لئے پنجاب تشریف لائے۔ لیکن واپس جانا نصیب نہ ہوا کیونکہ نانا جان کی کچھ عرصہ بعد گجرات میں وفات ہو گئی اور بہشتی مقبرہ قادیان میں تدفین عمل میں آئی۔

اس وقت نانی جان کے ساتھ پانچ بیٹیاں اور ایک بیٹا تھا (دو بڑے بیٹے افریقہ میں چھوڑ آئے تھے)۔ اس غمناک موقع پر میرے پر نانا جان نے پیشکش کی کہ نانی جان ان کی سرپرستی میں گجرات میں ہی رہائش رکھیں۔ مگر نانی جان نے حضرت مصلح موعود کی سرپرستی میں رہنے کو ترجیح دی اور قادیان منتقل ہو گئیں۔

جہاں ہمیشہ حضور کی بے پایاں شفقت میسر رہی اور زندگی کے جملہ مسائل حضور کی دعاؤں اور مشوروں کے طفیل حل ہوئے۔ خاندان مسیح موعود کی مستورات سے آپ کو خصوصی لگاؤ تھا۔ اکثر انہیں ملنے چلی جاتیں۔ میں نے دیکھا کہ اپنے نواسے نواسیوں کے لئے حضور کا تبرک حاصل کرنے کی کوشش کرتیں۔ (تقسیم ہند کے بعد ربوہ آباد ہونے کے بعد بھی خاندان (مسیح موعود) کی مستورات سے ملنے کا سلسلہ جاری رہا۔ آپ اپنے ہمراہ پھل ضرور لے جاتیں اور کچھ نقد رقم بھی نذرانہ پیش کرتیں۔ اس پر وہ فرماتیں خالہ جان یہ تکلیف نہ کیا کریں مگر آپ فرماتیں آپ بیٹیاں ہیں بیٹیوں کے ہاں خالی ہاتھ نہیں آتے۔

آپ حد درجہ سخی تھیں۔ نانا جان کی معمولی سی پنشن کے باوجود گداگر خالی نہ جاتا تھا۔ جب بھی آٹا گوندھنے بیٹھتیں تو ایک مٹھی آٹا ٹین کے گول ڈبے میں ڈال دیتیں۔ جمعرات کو ایک فقیر آتا اسے یہ سارا آٹا دے دیتیں۔

بعض لوگ بڑی عمر میں سخت طبیعت واقع ہوتے ہیں۔ مگر آپ عمر کے آخری حصہ میں بھی بالخصوص بچوں کے ساتھ بڑی شفقت سے پیش آتیں۔ ان کے لئے اپنے صندوق میں ٹافیاں، ریوڑیاں، مونگ پھلی وغیرہ رکھتیں اور وقتاً فوقتاً بچوں کو دیتیں اور ساتھ ساتھ نصیحتوں سے بھی نوازتی جاتیں اور پیار بھری دعائیں بھی دیتیں۔

میں نے آپ کو ہمیشہ سفید لباس میں دیکھا آپ کا بستر بھی ہمیشہ سفید رنگ ہوتا تھا۔ نہایت درجہ کی صفائی پسند تھیں۔ آپ نے بہت سے بچوں کو قرآن پڑھایا حتیٰ کہ گھر کے ملازموں کو بھی اس سے محروم نہ رکھا جس بیٹی کے ہاں قیام ہوتا اس کے ملازم بچے یا بچی کو قرآن پڑھانا شروع کر دیتیں۔

قیام پاکستان کے بعد کے دو واقعات قابل ذکر ہیں قادیان میں محلّہ دارالرحمت میں آپ کے گھر کے پاس ایک دکان پولے صاحب (مجھے ان کا نام یاد ہے) اور ان کے بیٹے عبدالحی صاحب کی تھی۔ نانی جان مرحومہ اس دکان سے گھر کا سودا ادھار لیتی رہتیں اور پنشن آنے پر ادھار اتار دیتیں۔ ہجرت کر کے لاہور پہنچنے کے بعد جونہی پنشن کی رقم ملی تو ان باپ بیٹوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی کوشش شروع کر دی اور بالآخر انہیں تلاش کر کے ادھار کی رقم واپس کی تو عبدالحی صاحب نے کہا خالہ جان وہاں تو سب کچھ لٹ گیا وہاں کا حساب وہاں رہ گیا مگر نانی جان نے فرمایا کہ حساب تو حساب ہے۔

دوسرا واقعہ یوں ہے کہ اپنے گھروں سے نکل کر جب آپ قادیان کے کیمپ میں پناہ گزیں تھیں تو ایک خاتون سکینہ ڈنگوی (آپ کا ڈنگہ گجرات سے تعلق تھا اس لئے یہ لاحقہ ساتھ تھا) نے اپنا زیور آپ کے حوالے کر کے کہا کہ خالہ جان یہ زیور پاکستان پہنچ گیا تو مجھے دے دینا۔ آپ کے ساتھ وہ زیور (اگرچہ کوئی اور سامان نہ آسکا) پاکستان آ گیا۔ آپ نے سکینہ ڈنگوی کی تلاش شروع کی اور آخر ایک جلسہ کے موقع پر وہ مل گئیں تو ان کا زیور ان کے حوالے کیا۔ وہ بھی بڑی حیرت زدہ ہوئیں کہ اس دنگا فساد میں زیور کیسے یہاں آ گیا۔

دوسری والدہ سے آپ کے تین بھائی اور بہنیں تھیں۔ لیکن آپ نے ہمیں کبھی سوتیلے پن کا احساس نہ ہونے دیا آپس میں بہت ہی پیارا سلوک رہا۔ سوتیلے بھائی بہن بھی آپ کی بہت قدر کرتے تھے۔

نانی جان 1973ء میں فوت ہوئیں اور بہشتی مقبرہ میں قطعہ خاص کے شمالی جانب دفن ہوئیں۔

تاریخ لجنہ جلد چہارم صفحہ 231 پر نانی جان کا ذکر ان الفاظ میں ملتا ہے۔

''نواب بیگم صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر میر محمد علی خان صاحب مرحوم افریقوی نے 23 مئی 1973ء کو لاہور میں وفات پائی۔ مرحومہ نے اپنے شوہر کی بیعت کے کچھ عرصہ بعد ہی بیعت کر لی تھی اور تمام زندگی خدمت دین کے جذبہ سے سرشار رہیں۔ آپ کا تعلق گجرات کے گاؤں کالرہ دیوان سنگھ سے تھا۔ شادی کے بعد لمبا عرصہ نیروبی میں گزارا۔ شوہر کی وفات کے بعد قادیان رہائش اختیار کر لی۔ ایک عرصہ تک محلّہ دارالرحمت کی صدر بھی رہیں۔ اجلاس بھی آپ کے گھر ہوتے تھے۔ جماعت کے نئے مرکز ربوہ کے قیام سے پہلے انہیں نئے مرکز کے بارے میں خواب آئی۔ چنانچہ جب جماعت کو نیا مرکز مل گیا تو جلسہ سالانہ کے موقع پر آئیں اور اپنے خاندان کی دیگر خواتین کے ساتھ جن میں آمنہ بیگم اہلیہ میر نصر اللہ صاحب صدر لجنہ شیخ پور ضلع گجرات بھی شامل تھیں ان پہاڑیوں وغیرہ پر جا کر پہچان لیا۔ یہی منظر خواب میں دکھایا گیا تھا۔ قریباً پچانوے سال کی عمر میں وفات پائی۔''

آپ کا جنازہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے بیت مبارک میں پڑھایا۔

آپ کا اسم گرامی تحریک جدید کے پانچ ہزار مجاہدین میں بھی شامل ہے۔ الفضل بڑے اہتمام سے پڑھتی تھیں دیگر کسی اخبار کا مطالعہ پسند نہ تھا۔ آپ کی اولاد میں سے اب صرف صفیہ صاحبہ اہلیہ کمانڈر مکرم محمد یوسف خاں صاحب مرحوم زندہ ہیں اور آج کل امریکہ میں مقیم ہیں۔

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

زبان کا درست استعمال ۔ جنت کی ضمانت

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

خدا تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا اور اسے بولنا سکھایا۔ (الرحمٰن:5,4)

ہم نے یقیناً انسان کو ایک مسلسل محنت میں رہنے کے لئے پیدا کیا۔ کیا ہم نے اس کے لئے دو آنکھیں نہیں پیدا کیں اور زبان بھی اور دو ہونٹ بھی۔

(البلد10,9,5)

پس لغو باتیں مت کیا کرو۔ محل اور موقع کی بات کیا کرو۔ (احزاب:71)

اور لوگوں کو وہ باتیں کہو جو واقعی طور پر نیک ہوں۔

(البقرہ:84)

اور جب تم بولو تو وہی بات منہ پر لاؤ جو سراسر سچ اور عدالت کی بات ہے۔ (انعام:13)

حضرت مسیح موعود کے ارشادات

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں

''جسے نصیحت کرنی ہو اسے زبان سے کرو ایک ہی بات ہوتی ہے وہ ایک پیرایہ میں ادا کرنے سے ایک شخص کو دشمن بنا سکتی ہے اور دوسرے پیرایہ میں دوست بنا دیتی ہے پس جادلھم ......(النمل:126) کے موافق اپنا عمل درآمد رکھو اس طرز کلام ہی کا نام خدا نے حکمت رکھا ہے چنانچہ فرماتا ہے یوتی الحکمۃ ....'' (الحکم 10مارچ 1903ء)

عضو اپنے جو کوئی ڈر کر بچائے گا
سیدھا خدا کے فضل سے جنت میں جائیگا
وہ اِک زباں ہے ، عضو نہانی ہے دوسرا
یہ ہے حدیث سیدنا سیدالوریٰ

